BRAMPTON **Service and Information Update**

**سٹی آف برامپٹن نے کووِڈ-19 کے حفاظتی اقدامات کو احتیاط کے ساتھ اور بتدریج طور پر نرم کرنے کے لیے صوبے کے اقدامات کے مطابق اپنے پروگراموں اور خدمات کو اپ ڈیٹ کرنے کی تیاری کر لی ہے**

برامپٹن، آن (25 جنوری 2022) – حکومت اونٹیریوں کی جانب سے پچھلے ہفتے کے اعلان کے بعد، سٹی آف برامپٹن اپنے پروگراموں اور خدمات کو اپ ڈیٹ کرنے اور 31 جنوری 2022 سے اپنی کچھ سہولت گاہوں کو دوبارہ کھولنے کی تیاری کر رہا ہے۔

**31 جنوری سے مؤثر ہونے والے صوبے کی جانب سے صحت و تحفظ کے اقدامات**

بروز پیر، 31 جنوری کو رات 12:01 بجے سے، درج ذیل اقدامات نافذ ہوں گے:

- اندرونی مقامات میں منعقد کی جانے والی سماجی تقریبات میں اب 10 جبکہ بیرونی مقامات پر 25 لوگ اکٹھے ہو سکتے ہیں۔
- ااندرونی عوامی مقامات میں گنجائش کی حد کو 50 فیصد تک بڑھانا یا برقرار رکھنا، بشمول درج ذیل لیکن ان تک محدود نہیں:
    - ریسٹورینٹس، بارز اور کھانے پینے کے دیگر ایسے ادارے، جن میں رقص کی سہولیات نہیں ہیں؛
    - خوردہ فروش (بشمول گروسری اسٹورز اور فارمیسیاں)؛
    - شاپنگ مالز؛
    - کھیلوں اور تفریحی تندرستی کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے والی سہولت گاہیں جہاں تماشائی موجود نہیں ہوتے (جیسے جِم)؛
    - سینما گھر؛
    - میٹنگ اور تقریبات کی جگہیں؛
    - تفریحی سہولیات اور تفریحی پارکس، بشمول واٹر پارکس؛
    - عجائب گھر، گیلریاں، ایکویریم، چڑیا گھر اور اسی طرح کے دیگر پرکشش مقامات؛
    - کیسینو، بِنگو ہالز اور اسی طرح کے گیمز کے دیگر مراکز؛ اور
    - مذہبی خدمات، رسومات، یا تقریبات۔
- ایسی سہولت گاہیں جہاں پر تماشائی بھی بیٹھتے ہوں مثلاً کھیلوں کی تقریبات، کانسرٹ کے مقامات اور تھیٹروں کو تماشائیوں کے بیٹھنے کی 50 فیصد گنجائش تک یا 500 افراد کو بیٹھانے کی اجازت ہو گی، جو بھی کم ہو۔

ویکسین لگوانے کے اضافہ شدہ ثبوت اور دیگر تقاضے موجودہ ترتیبات میں بدستور لاگو ہوتے رہیں گے۔

**سٹی کی سروسز، پروگرام اور سہولیات**

سٹی ہال اور کاروباری سہولت گاہیں

مورخہ 21 فروری سے، سٹی ہال اور دیگر کاروباری سہولت گاہیں واک اِن سروسز کے لیے دوبارہ کھول دی جائیں گی۔ اُس وقت تک، یہ سروسز بذریعہ اپوائنٹمنٹ دستیاب رہیں گی۔ اپوائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/skiptheline

سہولت گاہوں میں میٹنگ کے مقامات اور کرایہ پر لینے کے حوالے سے مزید معلومات، آنے والے ہفتوں کے دوران مہیا کر دی جائیں گی۔

برامپٹن ٹرانزٹ

برامپٹن ٹرانزٹ تا حکم ثانی، سروس کی کم کردہ سطح پر کام کرنا جاری رکھے گی۔ آپریشن کے منتخب شدہ ٹرمینل اوقات کار کو بھی ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔

روٹ کے تازہ ترین شیڈول اور آپریشن کے اوقات کار کی معلومات کے لیے، صارفین کو برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر کو 905.874.2999 پر کال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ سروس کے بارے میں باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے، ملاحظہ کریں www.bramptontransit.com یا ہمیں ٹوئیٹر پر بذریعہ @bramptontransit فالو کریں۔

برامپٹن ٹرانزٹ پر سفر کے دوران، بس اور ٹرمینلز پر سخت فٹنگ کا حامل ماسک پہنیں اور سفر کے دوران کھانے یا پینے کے لیے اپنا ماسک نیچے کرنے سے گریز کریں، ماسوائے یہ کہ ایسا کرنا ایک طبی ایمرجنسی نہ ہو۔ مسافروں کو اس بات کی بھی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سفر کرتے ہوئے اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

<u>تفریح</u>

***اندرونی مقامات پر تفریحی سہولیات***

تفریحی سہولیات شیڈول شدہ رجسٹرڈ اور ڈراپ اِن پروگراموں کے لیے بروز پیر مورخہ 31 جنوری سے دوبارہ کھول دی جائیں گی۔ صوبائی قواعد و ضوابط کے مطابق تفریحی مراکز میں گنجائش کی حد پچاس فیصد تک کم کر دی جائے گی۔ تفریحی مراکز میں تشریف لانے کے لیے پہلے سے رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہے، تاہم، یہ سفارش کی جاتی ہے کہ وزیٹرز اپنی آمد سے پہلے اپنی مطلوبہ خدمات کو آن لائن خرید لیں کیونکہ تمام خدمات پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہیں۔ دستیاب شدہ پروگرام آن لائن طور پر www.brampton.ca/registerforprograms پر دیکھے جا سکتے ہیں، جن کا آغاز بروز بدھ، مورخہ 26 جنوری کو صبح 10 بجے سے ہو گا

*موسم سرما کے رجسٹر شدہ سیشنل پروگرام*

موسم سرما کا رجسٹر شدہ سیشن، ایک مختصر دورانیے کے لیے 31 جنوری کے ہفتے سے دوبارہ شروع ہو گا۔

پروگرام کی اختتامی تاریخوں کو ایڈجسٹ نہیں کیا جائے گا۔ پروگرام کی اختتامی تاریخوں کو ایڈجسٹ نہیں کیا جائے گا۔ وہ شرکاء جنہوں نے موسم سرما کے پہلے پروگراموں کے لیے اندراج کرایا تھا، ان کے کلائنٹ اکاؤنٹ پر استعمال نہ کیے جانے واے سیشن کے دورانیے کے حساب سے کریڈٹ واپس منتقل کر دیا گیا ہے۔

*ممبرشپس*

ممبرشپ کی فروخت بروز بدھ، مورخہ 26 جنوری کو صبح 10 بجے سے دوبارہ شروع کر دی جائے گی۔ ممبرشپ کے لیے دستیاب اختیارات www.brampton.ca/memberships پر ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

*ویکسین لگوانے کے ثبوت کی شرائط*

سٹی آف برامپٹن کے تفریحی مراکز میں داخل ہونے والے 12 سال اور اس سے زیادہ عمر کے وزیٹرز کو ویکسین لگوانے کی حیثیت کا ثبوت لازمی دکھانا ہو گا۔ اس کا اطلاق تفریحی مراکز میں موجود تمام شرکاء اور تماشائیوں پر بھی ہو گا، جن میں نوجوان، کوچز، انسٹرکٹرز، نگہداشت کنندگان، رضاکاران اور گیم کے اہلکار شامل ہیں۔

وہ بچے جو 2022 میں 12 سال کے ہو جائیں گے (2010 کی پیدائش) کو ان کی تاریخ پیدائش سے 12 ہفتوں کی رعایتی مدت فراہم کی جائے گی، اس دوران انہیں اندرونی کھیلوں اور تفریحی سہولیات پر ویکسین لگوانے کا ثبوت دکھانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ اس سے بچوں کو ویکسین لگوانے کے لیے درکار وقت مل جائے گا اور اس دوران وہ ویکسین لگوانے کا ثبوت حاصل کر سکیں گے۔ 12 ہفتے کی رعایتی مدت ختم ہونے کے بعد، انہیں ویکسین لگوانے کا ثبوت دکھانے کی ضرورت ہو گی۔

*ویکسین لگوانے کے طریقوں کا قابل قبول ثبوت*

تفریحی مراکز کے وزیٹرز کو QR کوڈ کا حامل اور Verify Ontario ایپ کے ساتھ ویکسین کا اضافہ شدہ سرٹیفکیٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی۔ کیو آر کوڈ کو ڈیجیٹل طریقے سے یا کاغذ پر پرنٹ کر کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ رہائشی QR کوڈ کا حامل اپنا ویکسین لگوانے کا اضافہ شدہ سرٹیفیکٹ یہاں سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ کووڈ-19 ٹیسٹ منفی ہونے کے ثبوت کو مکمل ویکسینیشن کے ثبوت کے متبادل کے طور پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ تفریحی مراکز میں داخلہ کے لیے طبی بنیادوں پر استثنیٰ کے تحریری سرٹیفیکیٹ اب قابل قبول نہیں ہوں گے۔

*آن لائن سکریننگ*

تمام وزیٹرز کے پاس سٹی آف برامپٹن کے تفریحی مراکز پہنچنے سے پہلے آن لائن اسکریننگ اور رابطہ کا پتہ لگانے کا فارم مکمل کرنے کا اختیار موجود ہو گا۔ آن لائن اسکریننگ ٹول تک رسائی حاصل کرنے کے لیے یہاں کلک کریں۔ وزیٹرز تشریف لانے سے پہلے، سمارٹ فون/کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن پری اسکریننگ سوالات مکمل کر کے اپنا وقت بچا سکتے ہیں۔ نامزد شدہ اسکریننگ ایریا/ داخلہ میں اپنی آمد پر، تمام وزیٹرز کو بذریعہ فون اسکریننگ کی تصدیق (گرین چیک مارک) لازمی طور پر دکھانی ہو گا۔ موقع پر کاغذ پر موجود رابطہ ٹریسنگ ان وزیٹرز کے لیے دستیاب رہے گی جو آن لائن پری اسکریننگ مکمل نہ کرنا چاہتے ہوں۔

***آؤٹ ڈور تفریحی سہولت گاہیں***

آؤٹ ڈور پروگرام اور سہولیات، بشمول آؤٹ ڈور سکیٹنگ اور ماؤنٹ چنگواکوسی، بدستور دستیاب رہیں گی۔ آؤٹ ڈور پروگراموں اور سروسز کے حوالے سے تازہ ترین معلومات www.brampton.ca/winterwonderland پر دستیاب ہیں۔ اسکیٹنگ رِنکس پہلے آئیں، پہلے پائیں کی بنیاد پر چلتے رہیں گے، جس کا انحصار موسم اور برف کی صورت حال پر ہو گا۔ وزیٹرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تشریف لانے سے پہلے آؤٹ ڈور اسکیٹنگ کی رہنماء ہدایات اور آؤٹ ڈور رنکس کی فعالیت کے بارے میں جاننے کے لیے www.brampton.ca/outdoorskating ملاحظہ کریں۔

دی روز اور پرفارمنگ آرٹس کی سہولیات

سٹی آف برامپٹن کی پرفارمنگ آرٹس کی اندرونی مقامات پر ریہرسل اور ریکارڈ شدہ مظاہروں کی تمام سہولیات دستیاب رہیں گی۔ سامعین کے بیٹھنے کی اجازت کے ساتھ پرفارمنس مارچ 2022 میں کووڈ-19 کی قابل اطلاق پابندیوں کے ساتھ دوبارہ شروع ہو جائے گی۔

فیملی ڈے کے حوالے سے، آؤٹ ڈور پروگرامنگ گارڈن اسکوائر میں 21 فروری 2022 کو ہو گی۔

تمام ٹکٹ ہولڈرز کے لیے کریڈٹ/چیک، اکاؤنٹ کریڈٹ یا عطیہ کے لیے ٹکٹ کی واپسی کی سہولت boxoffice@brampton.ca پر ای میل کے ذریعے دستیاب ہے۔

اضافی تفصیلات یہاں پر دستیاب ہیں: www.therosebrampton.ca

LBP اور سائرل کلارک تھیٹر کووڈ-19 کی قابل اطلاق پابندیوں کے ساتھ مارچ 2022 میں دوبارہ کھلیں گے۔

برامپٹن لائبریری

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں لائبریری کے اندر خدمات کے لیے روزانہ کھلی رہتی ہیں، ماسوائے ماؤنٹ پلیزنٹ ولیج کے، جہاں پر صرف روزانہ کرب سائیڈ پک اپ سروس دستیاب ہے۔ جلد آرہا ہے، رہائشی بہت جلد پروفیسرز لیک، لوفرز لیک اور چنگواکوسی پارکس میں نصب شدہ آؤٹ ڈور اسٹوری واک سے لطف اندوز ہو سکیں گے۔ چنگواکوسی برانچ لائبریری پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر موسم سرما کی سرگرمیوں کی مفت کٹس مستعار دے رہی ہے، جب تک کہ مقدار باقی ہے۔ تفصیلات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.bramptonlibrary.ca

BRAMPTON Service and Information Update

**کووڈ-19 کی ویکسینیں لگوانا**

ویکسینیں اپنی اور دوسروں کی حفاظت کا بہترین طریقہ ہیں۔ اونٹاریو کے ویکسین بکنگ سسٹم کے ذریعے یا 1.833.943.3900 پر کال کر کے اب پانچ سال یا اس سے زیادہ عمر کے کسی بھی شخص کے لیے اپوائنٹمنٹس بک کی جا سکتی ہیں۔

اپوائنٹمنٹس اب 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے بک کی جا سکتی ہیں تاکہ ان کی کووڈ-19 بوسٹر اپوائنٹمنٹ کو شیڈول کیا جا سکے، اگر ان کی آخری خوراک کے بعد کم از کم تین مہینے گزر چکے ہوں۔ اپوائنٹمنٹ بک کرنے کے لیے ملاحظہ کریں: https://covid-19.ontario.ca/covid-19-vaccines-ontario

کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے حوالے سے تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ کرم صوبے کا پورٹل ملاحظہ کریں۔

**ماسک**

رہائشیوں کو یاد دلایا جاتا ہے کہ سٹی نے برامپٹن میں کووڈ-19 کے لازمی فیس ماسک کے اپنے ضمنی قانون میں یکم اپریل 2022 تک توسیع کردی ہے۔

مینڈیٹری فیس کورنگز بائی لاء کے مطابق، برامپٹن میں موجود تمام اندرونی عوامی مقامات کے اندر نان میڈیکل ماسک کا استعمال لازمی ہے۔ اب، اسکارف، مفلر، گلوبند یا گردن گرم رکھنے والی اشیاء اور سانس لینے کے لیے والوز کے حامل ماسک کو فیس کوورنگز کے طور پر قبول نہیں کیا جائے گا اس کے علاوہ، ترمیم شدہ ضمنی قانون کے مطابق ماسک صرف اسی صورت میں اتارے جا سکتے ہیں جب کوئی شخص کھانے پینے کے لیے مختص شدہ کسی مخصوص جگہ پر بیٹھ کر کھانا پینا چاہتا ہو۔

جسمانی فاصلہ بندی، حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد اور ماسک پہننے کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنے پر سٹی اپنے رہائشیوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca